© rasailojaraid.com



جاذبیت پیدا کر دیتی ہے۔ شیخ و برہمن آپ کے ہی چند منتخب افسانوں کا ایک دلکش مجموعہ ہے۔ اس کتاب میں سولہ افسانے شامل ہیں اور یہ سب کے سب مندرجہ بالا خصوصیات کے حامل ہونے کی وجہ سے ادبی اور اخلاقی دونوں حیثیتوں سے لائق مطالعہ ہیں۔

**انتظام کتب خانہ اور اس کی فن وار تقسیم** | تقطیع خورد ضخامت ۷۱ صفحات۔ کتابت طباعت عمدہ، کاغذ بہتر قیمت ۸ ر پتہ:۔ مکتبہ جامعہ دہلی۔ لاہور۔ لکھنؤ۔

اس مختصر سے رسالہ میں سید بشیر الدین صاحب لائبریرین لٹن لائبریری مسلم یونیورسٹی علیگڈھ اور سید جمیل احمد صاحب نقوی امپیریل لائبریری کلکتہ نے یہ بتایا ہے کہ کتب خانہ کی عمارت اور اس کا فرنیچر کیسا ہونا چاہیئے، کتابوں کو مختلف الماریوں میں فن وار تقسیم کر کے رکھا جائے یا مصنف کے نام کے لحاظ سے پھر یہ کہ فہرست کتب کس ضابطہ کے ماتحت مرتب کی جائے۔ غرض یہ ہے کہ یہ رسالہ کتب خانے کے انتظام سے متعلق مفید معلومات کا ایک اچھا مجموعہ ہے امید ہے کہ لائق مؤلفین حسب وعدہ اپنی مفصل کتاب "معاشیات کتب خانہ" بھی جلد شائع کریں گے۔

**صحت و صفائی** | از محمد حسین حسان صاحب تقطیع خورد ضخامت ۶۰ صفحات۔ کتابت طباعت اور کاغذ عمدہ قیمت ۴ر پتہ:۔ مکتبہ جامعہ دہلی۔ لاہور و لکھنؤ

اس رسالہ میں بات چیت کے انداز میں صحت اور صفائی کو قائم رکھنے کے متعلق چند مفید ہدایتوں کا بیان ہے تعلیم بالغان و تربیت اطفال کے سلسلہ میں یہ کتاب بہت کارآمد اور مفید ہو سکتی ہے۔

## رسالے

**مصنف** | مرتبہ سید الطاف علی صاحب بریلوی تقطیع کلاں ضخامت ۱۹۲ صفحات، کتابت و طباعت عمدہ۔ سالانہ قیمت چار روپیہ۔ پتہ:۔ مجلس مصنفین علیگڈھ

مسلم یونیورسٹی کی وجہ سے علیگڈھ مسلمانوں کے لئے علوم جدیدہ کا مرکز ہے۔ جہاں ہر علم و فن کے لائق و



© rasailojaraid.com